سوال

(210)چارپائی پر نماز ادا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جگہ ناپاک کی مجبوری کے باعث چارپائی پر کپڑا بچھا کر نماز ادا کی جاسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شریعت میں کشتی میں نماز پڑھنے کا جواز ہے۔ المنتقیٰ، بابُ الصَّلٰوۃِ فِی السَّفِینَۃِ۔

اور صحیح بخاری کی تبویب میں چھتوں، منبر اور لکڑی وغیرہ پر نماز پڑھنے کا بیان ہے اور استدلال بعض آثار کے علاوہ اس حدیث سے کیا ہے کہ ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر چڑھ کر نماز پڑھائی تھی۔

ان دلائل سے معلوم ہوا کہ چارپائی پر بھی نماز پڑھی جاسکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب المساجد: صفحہ:199

محدث فتویٰ